© rasailojaraid.com

مدیر کے قلم سے

تحریکِ آزادی کے عظیم مجاہد

حضرت مولانا عزیز گل رحمۃ اللہ علیہ

۱۶/ نومبر کو روزنامہ جنگ لاہور کے آخری صفحہ پر ایک کونے میں یہ خبر نظر سے گذری کہ تحریکِ آزادی برصغیر کے نامور مجاہد اور شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کے رفیق حضرت مولانا عزیز گل انتقال فرما گئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

علالت اور ضعف ونقاہت کی خبریں کافی عرصہ سے آرہی تھیں۔ عمر بھی سو سال سے تجاوز کر چکی تھی۔ اس کے باوجود دل اس خبر پر یقین کرنے کو تیار نہ ہوا۔ خبر کو بار بار پڑھا۔ خبر مکمل تھی۔ ذمہ دار علمائے کرام کے تعزیتی پیغامات بھی ساتھ تھے۔ ماننے کے بغیر کوئی چارہ کار نہ رہا اور زبان پر بے ساختہ انا للہ وانا الیہ راجعون جاری ہوا کہ موت ہر ذی روح کا مقدر ہے۔ جو اس دنیا میں آیا ہے اس نے بہرحال جانا ہے۔ کل من علیہا فان ویبقیٰ وجہ ربک ذوالجلال والاکرام۔

مولانا عزیز گلؒ کون تھے؟ آج کی نسل اس سے باخبر نہیں ہے اور نئی نسل کو اس کے ماضی اور اقدار و روایات سے باخبر رکھنے کی ذمہ داری جن حضرات پر ہے انہیں نہ اس کی ضرورت کا احساس ہے اور نہ ہی اس کی اہمیت ان کے ذہنوں میں موجود ہے۔

مولانا عزیز گلؒ اسی قافلۂ حریت کے فرد تھے جس نے برصغیر پاک و ہند و بنگلہ دیش میں برٹش [illegible]

خلاف عسکری، تہذیبی، تعلیمی اور سیاسی جنگ لڑی اور بالآخر اسے شکست دے کر اس خطۂ زمین کی آزادی کی راہ ہموار کی۔

اس قافلۂ حریت کے ایک عظیم سالار شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ تھے جنہوں نے اس صدی کے دوسرے عشرہ میں متحدہ ہندوستان کی آزادی کا منصوبہ بنایا، ملک کے طول وعرض میں مجاہدینِ آزادی کی فوج منظم کی۔ ترکی اور افغانستان کی حکومتوں کو جنگِ آزادی میں ہمنوا بنا کر ان کا تعاون حاصل کرنے کا پروگرام ترتیب دیا۔ یہ منصوبہ برطانوی سی۔ آئی۔ ڈی کے کاغذات میں "ریشمی خطوط سازش کیس" کے نام سے اس کے ریکارڈ کا ایک اہم حصہ ہے اور ہماری تاریخ میں تحریک "ریشمی رومال" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ ... ؎ دو چار ہاتھ جب کہ لبِ بام رہ گیا

کے مصداق یہ منصوبہ عین اس وقت برطانوی سی۔ آئی۔ ڈی کے ہتھے چڑھ گیا جب کہ ملک کے اندر حریت پسند افواج کی ترتیب و تنظیم کا کام کم و بیش مکمل ہو چکا تھا اور ترکی کی خلافت عثمانیہ سے عسکری و سیاسی تعاون کے حصول کے لیے حجاز مقدس میں شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ ترک حکام کے ساتھ مذاکرات میں مصروف تھے۔ جہادِ آزادی کی منصوبہ بندی کے بارے میں ریشمی رومالوں پر لکھے گئے خفیہ خطوط برطانوی کارندوں کے ہتھے چڑھتے ہی شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ اور ان کے رفقاء کو گرفتار کر لیا گیا۔ متحدہ ہندوستان کے طول وعرض میں تحریک سے تعلق رکھنے والے تمام حضرات حراست میں لے لیے گئے۔

مولانا عزیز گلؒ اس تحریک اور منصوبہ بندی میں شیخ الہندؒ کے معتمد رفیق تھے اور انہی کے ساتھ گرفتار ہو کر مالٹا جزیرہ میں کم و بیش پورے چار سال تک نظر بند بھی رہے۔ مولانا عزیز گلؒ مالاکنڈ ایجنسی کے رہنے والے تھے۔ دارالعلوم دیوبند میں شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ سے دینی تعلیم کی تکمیل کی اور پھر انہی کے لیے وقف ہو کر رہ گئے۔

آزاد قبائل میں فرنگی فوجوں کے ساتھ مسلسل لڑنے والے حریت پسند قبائل کے ساتھ شیخ الہندؒ کے خصوصی روابط تھے [illegible] شیخ الہندؒ کے شاگردوں اور حریت پسند رفقاء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کی ایک بڑی تعداد مصروف جہاد تھی۔ قبائل کے ساتھ خفیہ روابط کے لیے مولانا عزیز گلؒ کو شیخ الہندؒ کے معتمد ایلچی کی حیثیت حاصل تھی اور وہ باہمی رابطہ کا ایک اہم ذریعہ تھے۔ حضرت شیخ الہندؒ کو مولانا عزیز گلؒ پر کس قدر اعتماد تھا اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ برطانوی سی۔ آئی۔ ڈی کی رپورٹوں کے مطابق حجاز مقدس میں ترک حکام کے ساتھ شیخ الہندؒ کا جو خفیہ معاہدہ طے پانے والا تھا اسے ہندوستان کے معتمد رفقاء تک پہنچانے کی ذمہ داری مولانا عزیز گلؒ کے سپرد ہوئی تھی۔ مولانا عزیز گلؒ اپنے استاذ اور قائد حضرت شیخ الہندؒ کے عاشق زار تھے۔ مالٹا کی تنہائیوں میں خدمت کی سعادت حاصل کی اور اپنے عظیم استاذ کے عظیم مشن میں ان کی رفاقت کا حق ادا کر دیا۔

مولانا عزیز گلؒ حضرت شیخ الہندؒ کی زندگی تک ان کے ساتھ متحرک رہے مگر ان کی وفات کے بعد بھی کام میں وہ مصروف رہا اور قیام پاکستان کے بعد تو بالکل ہی گوشہ نشین ہو گئے۔ مالاکنڈ ایجنسی میں سخاکوٹ سے دو میل کے فاصلے پر سیرئے نامی گاؤں ان کا آبائی گاؤں ہے وہیں سکونت اختیار کر لی۔

مدیر "الشریعہ" کو متعدد بار حضرت مولانا عزیز گلؒ کی خدمت میں حاضری کی سعادت حاصل ہوئی۔ اس وقت صحت مند اور چاق و چوبند تھے۔ مزاج میں بے تکلفی، نمود و نمائش سے دلی نفرت اور مہمان نوازی ان کی خصوصیات تھیں۔ اپنے محبوب استاذ حضرت شیخ الہندؒ کی یادوں کے سہارے جی رہے تھے۔ انہی کا تذکرہ اکثر زبان پر رہتا اور بہت سے دوست تو یہی محبوب تذکرہ سننے ان کی مجلس میں جایا کرتے تھے۔

ان کا سینہ تحریک آزادی کی کئی ان کہی کہانیوں کا مخزن تھا۔ اے کاش کہ اس خزانہ کو تاریخ کے ریکارڈ میں محفوظ کرنے کا کوئی اہتمام ہو جاتا۔ مگر اب کف افسوس ملنے سے کیا فائدہ، وہ اپنی یادوں اور خزانوں سمیت ہم سے رخصت ہو چکے ہیں اور اپنے رب کے پاس جا چکے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کریں اور پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازیں۔

آمین یا الٰہ العالمین

یاحی
یاقیوم

میر صاحب دی
تازہ دیسی
ہٹی
اور
فارمی انڈے

بازار سے بارعایت خریدیں

احمد سعید میر انڈہ فروش
بازار جامع مسجد (سابق تھانیوالہ بازار) گوجرانوالہ
نور عبداللہ میر اینڈ برادرز

© rasailojaraid.com